Computer Science - 9th Class Computer Science Urdu Medium Chapter 2 Preparation

Q1. اور آپریٹر سے کیا مراد ہے.

Ans 1: اور اپریٹر منطقی جمع کے لیے استعمال کیا جاتا ہے. اور اپریٹر کو ڈات + علامت سےظاہر کیا جاتا ہے.

Q2. کمپیوٹر میموری کیا ہے.

Ans 1: کمپیوٹر میموری ایسا مادی آلہ ہے جو ڈیٹا کو محفوظ کرنےکے قابل ہو.

Q3. ٹروتھ ٹیبل کی تعریف کریں.

Ans 1: کوئی پری پوزیشن درست ہے یا غلط اس کو جانچنے کے لیے عمودی طور پر ٹروتھ ٹیبل کا استعمال کیا جاتا ہے.

Q4. بائٹ کی تعریف کریں.

Ans 1: 8 بٹ کے مجموعے کو بائٹ کہتے ہیں. کسی بھی قسم کی معلومات کو کمپیوٹر میں سٹور کرنے کےلیے کم سے کم ایک بائٹ کی جگہ درکار ہوتی ہے.

Q5. لوجیکل ایکسپریشن کیا ہے.

Ans 1: ہم لوجیکل ایکسپریشن حاصل کرسکتے ہیں جب ہم لوجیکل اوپریٹرز کو بولین پری پوزیشن پر لاگو کریں.

Q6. ثنائی عدی نظام سے کیا مرادہے.

Ans 1: ثنائی نظام میں بیس دو ہوتی ہے کیوں کہ اس سسٹم میں تمام نمبرز صرف دو ہندسوں پر مشتمل ہوتے ہیں. ان اعداد کو ثنائی اعداد یا بٹ کہتے ہیں.

Q7. وولاٹائل میموری کیا ہے.

Ans 1: یہ ایسا آلہ ہے جو اس وقت تک ڈیٹا محفوظ رکھتا ہے جب تک اسے بجلی کی فراہمی جاری رہے. اس کی بہترین مثال ریم ہے جو کہ اس وقت تک ڈیٹا محفوظ رکھتی ہے.

Q8. اسکی کوڈز سے کیا مرادہے.

Ans 1: یہ امریکن سٹینڈرڈ کوڈ فار انفارمیشن انٹر چینج کا مخفف ہے. یہ کمپیوٹر میموری میں ڈیٹا کی نمائندگی کے لیے ایک دی فیکٹو سٹینڈرڈ ہے. ٹیبل کی-بورد پر موجود حرف کا آسکی کوڈ ظاہر کرتا ہے.

Q9. نان وولاٹائل سیکنڈری میموری سے کیا مراد ہے.

Ans 1: ایسا آلہ جو ڈیٹا اس وقت بھی محفوظ رکھتا ہے جب یہ بجلی سے منسل نہ بھی ہو. ' نان وولاٹائل میموری کی عام مثالیں فلیش درائیور میموری کارڈز ہیں. آپ کا کمپیوٹر اگر بند بھی ہوجائے تو اس قسم کےالے مین دیٹا محفوظ ہی رہتا ہے.

Q10. اعشاری عددی نظام سے کیا مرادہے.

Ans 1: ایسا عددی نظام جس می بیس دس ہو اور اس میں صفر سےلے کر 9 تک اعداد ہوایسے عددی نظام کو اعشاری عددی نظام کہتے ہیں.